روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 26 نومبر 2010ء 19 ذی الحجہ 1431 ہجری 26 نبوت 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 239

نماز عشاء

حضرت ابو برزہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ آدھی رات یا رات کے ایک تہائی حصہ گزرنے تک عشاء کی نماز میں تاخیر کرنے میں کوئی حرج محسوس نہ کرتے لیکن آپ عشاء سے قبل سونے اور اس کے بعد باتیں کرنے کو ناپسند فرماتے تھے۔

(صحیح مسلم کتاب المساجد باب استحباب التکبیر حدیث نمبر:1025)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

وہ لوگ نجات یافتہ ہیں جو خدا کو اپنا وجود حوالہ کر دیں اور اس کی نعمتوں کے تصور سے اس طور سے اس کی عبادت کریں کہ گویا اس کو دیکھ رہے ہیں سو ایسے لوگ خدا کے پاس سے اجر پاتے ہیں اور نہ ان کو کچھ خوف ہے اور نہ وے کچھ غم کرتے ہیں یعنی ان کا مدعا خدا اور خدا کی محبت ہو جاتی ہے اور خدا کے پاس کی نعمتیں ان کا اجر ہوتا ہے اور پھر ایک جگہ فرمایا یطعمون الطعام .... یعنی مومن وہ ہیں جو خدا کی محبت سے مسکینوں اور یتیموں اور قیدیوں کو روٹی کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس روٹی کھلانے سے تم سے کوئی بدلہ اور شکر گزاری نہیں چاہتے اور نہ ہماری کچھ غرض ہے ان تمام خدمات سے صرف خدا کا چہرہ ہمارا مطلب ہے۔ اب سوچنا چاہئے کہ ان تمام آیات سے کس قدر صاف طور پر معلوم ہوتا ہے کہ قرآن شریف نے اعلیٰ طبقہ عبادت الٰہی اور اعمال صالحہ کا یہی رکھا ہے کہ محبت الٰہی اور رضاء الٰہی کی طلب سچے دل سے ظہور میں آوے مگر اس جگہ سوال یہ ہے کہ کیا یہ عمدہ تعلیم جو نہایت صفائی سے بیان کی گئی ہے انجیل میں بھی موجود ہے ہم ہر یک کو یقین دلاتے ہیں کہ اس صفائی اور تفصیل سے انجیل نے ہرگز بیان نہیں کیا۔ خدا تعالیٰ نے تو اس دین کا نام (۔) اس غرض سے رکھا ہے کہ تا انسان خدا تعالیٰ کی عبادت نفسانی اغراض سے نہیں بلکہ طبعی جوش سے کرے کیونکہ (۔) تمام اغراض کے چھوڑ دینے کے بعد رضا بقضا کا نام ہے دنیا میں بجز (۔) ایسا کوئی مذہب نہیں جس کے یہ مقاصد ہوں بے شک خدا تعالیٰ نے اپنی رحمت جتلانے کے لئے مومنوں کو انواع اقسام کی نعمتوں کے وعدے دیئے ہیں مگر مومنوں کو جو اعلیٰ مقام کے خواہشمند ہیں یہی تعلیم دی ہے کہ وہ محبت ذاتی سے خدا تعالیٰ کی عبادت کریں۔

(نورالقرآن نمبر2 روحانی خزائن جلد 9 صفحہ 440)

نمایاں کامیابی

مکرم خلیل احمد صاحب واپڈا ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے خاکسار کے بڑے بیٹے عزیزم عاصم خلیل نے ACCA کے امتحان میں 98% نمبروں سے پاکستان بھر میں اول پوزیشن حاصل کی ہے۔ مورخہ 14/ اکتوبر 2010ء کو گورنر پنجاب سلمان تاثیر صاحب نے عزیزم کو نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء کے ساتھ اسناد دیں۔ نیز طلباء کو گورنر ہاؤس کے بعض حصوں کی سیر بھی کروائی گئی اور ایک پُر تکلف چائے پارٹی کا اہتمام کر کے طلباء کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ خاکسار تمام احباب جماعت کی خدمت میں عزیزم عاصم خلیل اور تمام احمدی طلباء کی نمایاں کامیابیوں کے لئے دعا کی درخواست کرتا ہے۔ تا کہ سب طلبہ جماعت کے لئے مفید وجود بن سکیں۔

ضرورت اساتذہ

نظارت تعلیم کے ادارہ ناصر ہائیر سیکنڈری سکول دارالیمن وسطی ربوہ کو مندرجہ ذیل مضامین کے لئے خدمت کا شوق رکھنے والے احمدی مرد اساتذہ کی ضرورت ہے۔ مذکورہ اہلیت کے حامل احمدی اساتذہ سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درخواستیں بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مصدقہ از صدر محلّہ/ امیر جماعت مع اپنی اسناد کی نقول جلد از جلد نظارت تعلیم میں جمع کروا دیں۔ واقفین نو میں سے اگر کوئی اس معیار پر پورا اترتے ہوں تو ان کی درخواست کو ترجیحاً زیر غور لایا جائے گا۔

اردو:۔ ایم اے/ بی اے اردو کے ساتھ

لیبارٹری اسسٹنٹ:۔ ایف ایس سی

تجربہ کو ترجیح دی جائے گی۔

(پرنسپل ناصر ہائیر سیکنڈری سکول ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 597

ارض یثرب پر آفتاب محمدیت کی ضیا پاشیاں

حضرت مسیح موعود نے 25/اگست 1892ء کو پنجاب پریس سیالکوٹ سے ایک مبارک عربی رسالہ ''کرامات الصادقین'' شائع فرمایا جس میں شہنشاہ نبوت ﷺ کی منقبت میں فصیح و بلیغ عربی میں چار قصائد زیب رقم فرمائے۔ ذیل میں تیسرے قصیدہ کے صرف بارہ منتخب اشعار کا ترجمہ قارئین کے اضافہ علم و عرفان کے لئے درج کیا جاتا ہے۔

1۔مجھے وہ دن یاد آیا جس میں میرے آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے گھر سے نکالے گئے تو میری آنکھوں سے مجلس ہی میں آنسو بہہ پڑے۔

2۔اب تک یثرب کی پتھریلی زمین میں انوار موجود ہیں۔ ہر روز ہم ان میں جدت کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔

3۔مدینہ کا چہرہ آپ کی وجہ سے منور ہو گیا اور آپ نے اپنے چلنے پھرنے سے برکت دی خالص ریتلی زمین اور پتھریلی زمین کو بھی۔

4۔آپ کے صحابی آپ کی محبت میں دیوانے تھے۔ انہوں نے آپ کے دونوں قدموں کی خاک کو آنکھ کا سرمہ بنالیا۔

5۔اور ان کی نیتوں میں خدا کا وصال تھا اور ان کے خیالات میں بھی۔ اسی لئے انہوں نے ہاتھ بڑھائے۔

6۔اور انہوں نے اپنی جانوں کی زندگی اپنی موت میں پائی سو وہ میدان جنگ میں دلیری سے آ گئے۔

7۔اور دکھوں سے ان کی جانیں ابلنے لگیں اور بدبخت قوم نے انہیں دھمکی دے کر ڈرایا۔

8۔وہ اپنے صدق کی وجہ سے موتوں کو پکارنے لگے اور ان میں سے کوئی نہیں تھا جس نے انکار یا تردد کیا ہو۔

9۔خدا کی مہربانی نے از راہ احسان انہیں آ لیا اور اپنے فضل سے اپنی روح القدس کے ذریعہ انہیں پاک اور موید کیا۔

10۔پس وہ اللہ کے فضل سے اپنے زمانے کی مخلوق پر علم و ایمان اور نور و ہدایت میں سبقت لے گئے۔

11۔یہ سب کچھ اس کے نور کی برکت سے تھا جو کہ احمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ میری روح اے محمد! آپ پر ہمیشہ قربان ہے۔

12۔میرا دل ہر اس زمین سے محبت رکھتا ہے جس پر تو چلا۔ پس کاش تیرا ملک میری جائے پیدائش ہوتا۔

(''القصائد الاحمدیہ'' مترجم ناشر نظارت اشاعت)

دیار مصطفیٰ کا ایک طائر قدسی قادیان میں

ایک مکی بزرگ السید نواب احمد رشید نواب کا بیان مرقومہ اخبار بدر 17 مئی 1906ء صفحہ 8۔

''بارہ تیرہ سال کا عرصہ ہوا جبکہ میں نے مکہ معظمہ میں ایک خواب دیکھا تھا۔ جس میں میں نے امام مہدی سے بیعت کی تھی اور اس خواب کا ظہور کا ہمیشہ منتظر رہتا تھا اس کے بعد میں نے متعدد مقامات اور مختلف اوقات میں کچھ آوازیں سنیں۔ کچھ خواب دیکھے۔ مگر حضرت اقدس کی خبر بھی جب تک میرے کان میں نہیں پہنچی تھی۔ رفتہ رفتہ جب ہندوستان میں آنے کا اتفاق ہوا۔ تو میں نے یہ سنا کہ ایک شخص مرزا غلام احمد صاحب قادیان میں ہیں جنہوں نے دعوے مسیحیت و مہدویت کیا ہے تو یہ بات کچھ ایسی بھیانک اور غیر مانوس معلوم ہوتی تھی کہ اندازہ سے باہر اور خاص کر مخالفین کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا ہوا۔ مگر حق کی روشنی مجھ پر ظاہر ہوئی۔ جب میں پنجاب میں پہنچا۔ تو قریب تین ماہ کے امرتسر رہنے کا اتفاق ہوا۔ وہاں بھی حضرت اقدس کے مخالفین ہی سے زیادہ تر ملنے کا اتفاق رہا۔ جن سے بجز مخالفت کے دوسری بات ہی نہیں سنتا تھا۔ الغرض ایسی حالت میں یکا یک جماعت احمدیہ میں سے دو ایک شخصوں سے حیات و وفات مسیح کے متعلق کچھ نیم گفتگو سی ہو کر رہ گئی۔ بحث ناتمام رہی۔ دوسرے روز پر ملتوی ہوئی۔ دوسرے روز بھی کسی وجہ سے ملتوی ہو گئی۔ شب کو میں نے حضرت اقدس کو خواب میں دیکھا اور جن لوگوں سے مباحثہ ٹھیرا تھا۔ بلا تامل یہ کہہ دیا کہ اس کا فیصلہ خاص دن میں جا کر جناب مرزا صاحب سے ہی ہو گا۔ جیسے میرے دل میں اس جوش کے ساتھ یہ ارادہ ہوا کہ جس قدر جلدی ہو سکے قادیان پہنچوں یہاں تک کہ میں قادیان پہنچا۔ راہ میں بلکہ پہنچ کر بھی بہت سی باتیں میرے دل میں تھیں مگر پہنچتے ہی وہ باتیں خود بخود دل سے نکلنی شروع ہو گئیں۔ میں اس کو بجز کرامت یا اعجاز کے کیا کہہ سکتا ہوں۔ قادیان دارالامان میں پہنچ کر دوسرے روز حضرت اقدس کی قدم بوسی سے مشرف ہوا............ بدر کی پیشانی پر جو شعر لکھا ہوا ہے۔

چہ گویم باتو گر آئی جیا در قادیان بنی
دوا بینی۔ شفا بینی۔ غرض دارالامان بینی

بالکل سچ ہے میری زبان پر یہ شعر ہر وقت جاری رہتا ہے دوسری بار جو حضرت اقدس سے نیاز حاصل ہوا تو مجھ سے نہ رہا گیا اور میں نے بیعت کر ہی لی۔ اس وقت میری زبان پر یہ کلمات جاری ہوئے جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا (ہذا تاویل رویای) (۔) اس کے بعد میں موافق عادت کے دوپہر کو سو گیا۔ تو دیکھتا کیا ہوں کہ آپ فرماتے ہیں۔ ہماری رائے تجھ کو ابھی بیعت کرنے کی نہیں تھی۔ ہم چاہتے تھے کہ اپنے شکوک پورے طور پر رفع کر لیتا۔ تو بہتر تھا۔ میں نے عرض کیا کہ میرے دل میں ایسے شکوک ہی نہیں رہے جن کے ازالہ کی ضرورت ہو دوسرے روز میں نے یہ خواب آپ سے عرض کیا کہ واقعی ہمارے میں دل میں یہی بات تھی کہ جو تو نے دیکھی۔ اس کے بعد آپ نے مہتمم کتب خانہ کو حکم فرمایا کہ جو تصنیف میں مانگوں مجھ کو دی جاوے۔ چنانچہ آٹھ دس تصنیف میں نے لیں۔ ازاں جملہ حمامۃ البشریٰ کی نے جس کو میرے ساتھ خاص تعلق ہے اس کی تعریف سے تو میری زبان قاصر ہے صرف اتنا کہہ دینا کافی سمجھتا ہوں کہ فقط ایک یہ کتاب تمام جہان کے لئے کافی ہے اور واقعی یہ تقریر اور یہ تحریر خارق عادت سوائے معجزہ کے اور کیا ہو سکتی ہے۔''

خدام الاحمدیہ آئیوری کوسٹ کی دوسری سالانہ تربیتی کلاس

مکرم وسیم احمد ظفر ثانی صاحب آئیوری کوسٹ

مجلس خدام الاحمدیہ آئیوری کوسٹ کو امسال مورخہ 23/جولائی سے 3/اگست تک اپنی دوسری سالانہ تربیتی کلاس منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

امسال یہ کلاس آبنگرو (Abengourou) کے مقام پر ہوئی۔ اس کلاس میں ریجن سے آئے ہوئے 60 خدام نے شرکت کی۔ کلاس کا باقاعدہ آغاز 24/جولائی کو نماز تہجد سے ہوا۔ افتتاحی تقریب کے بعد تربیتی کلاس کی مختلف کلاسز کا آغاز ہوا جن میں علمی اور روحانی تربیت کے مختلف پروگرامز کے ساتھ ساتھ صحت جسمانی اور وقار عمل کے پروگرام شامل تھے۔

نماز، دعوت الی اللہ کے اسلوب، موازنہ مذاہب، مالی قربانی، نظام جماعت کے بارہ میں مختلف لیکچرز دئے گئے۔ اسی طرح رمضان سے متعلق امور بھی بیان کئے گئے مقررین میں مکرم جالو صدیق صاحب، مکرم سورے ابوبکر صاحب، مکرم بابو احمد صاحب، مکرم جوارا کریم صاحب، مکرم قاسم تورے صاحب، مکرم باسیا قطبو صاحب اور خاکسار وسیم احمد ظفر شامل تھے۔

دوران کلاس صحت جسمانی کے لئے مختلف مقابلے بھی کروائے گئے۔ اسی طرح آبنگرو میں موجود تاریخی بادشاہ کے محل کی سیر بھی کروائی گئی اور محل میں موجود 120 سال سے مختلف بادشاہوں کے زیر استعمال نوادرات کی سیر بھی کروائی۔

ایک دن تمام خدام جماعتی کتب کی فروخت کے لئے آبنگرو شہر میں پھیل گئے۔ ان خدام کو چھ گروپس میں تقسیم کیا گیا۔ ہر گروپ کا ایک لیڈر بنایا۔ یہ پروگرام بہت کامیاب رہا۔ اسی طرح سارے شہر میں مفت لٹریچر بھی تقسیم کیا گیا۔

کلاس کے دوران پانچوں نمازوں کے علاوہ نماز تہجد باقاعدگی سے ادا کی جاتی رہی۔ فجر کی نماز کے بعد درس قرآن کریم اور عشاء کے بعد درس حدیث دیا جاتا رہا۔

وقار عمل کے ذریعہ مشن ہاؤس کی اور ماحول کی صفائی کروائی گئی۔

اس کلاس کی اختتامی تقریب بیت الامن میں ہوئی۔ تلاوت و نظم اور عہد کے بعد رپورٹ پیش کی گئی۔ مکرم صدر صاحب خدام الاحمدیہ نے تمام طلباء میں اسناد تقسیم کیں۔ قائم مقام امیر مکرم رافع احمد تبسم صاحب نے اختتامی تقریر کی اور اس کلاس میں اول، دوم، سوم آنے والے طلباء کو انعامات دیئے۔

مقامی ریڈیو نے خاکسار وسیم احمد ظفر اور مکرم جالو صدیق صاحب کو بلا کر ایک گھنٹہ کا پروگرام کیا جس میں جماعت کے بارہ میں مختلف سوالات کئے اور یہ پروگرام نشر کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کا تفصیلی تعارف، تربیتی کلاس اور ہیومینٹی فرسٹ کا تعارف کروانے کا موقع ملا۔ بعد میں Live ٹیلی فون کالز کے ذریعہ لوگوں کے سوالات کے جوابات دیئے۔

قارئین کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کلاس میں شریک ہونے والے ہر خادم کو نیک، صالح اور خادم دین بنائے اور وہ خدام الاحمدیہ کے فعال رکن بنیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 22/اکتوبر 2010ء)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

ن۔رشید

میرے ہمسفر مکرم چوہدری رشید احمد صاحب مرحوم

سیکرٹری پریس اینڈ پبلیکیشن انٹرنیشنل جماعت احمدیہ

قسط دوم وآخر

1994ء کو M.T.A ٹیلیویژن کا اجراء کیا جانا تھا۔ اس کی تیاری بہت پہلے سے شروع ہوگئی۔ چنانچہ 1993ء میں محمود ہال میں ایم ٹی اے کی تیاری کے لئے دفاتر بننے شروع ہوئے تو سٹیج والا دفتر ٹرانسمیشن کے لئے لے گیا اور پریس ڈیسک محمود ہال کے بائیں طرف منتقل ہوگیا۔ جماعتی ریکارڈ سیڑھیوں کے نیچے والے دفاتر اور سٹیل کی الماریوں میں محفوظ تھا جو محمود ہال میں رکھی گئی تھیں۔ جب ایم ٹی اے کے لئے سٹوڈیوز کی مزید ضرورت پڑی تو انہی دنوں Hardwick میں جماعت نے نئے دفاتر خرید لئے۔ پریس کا دفتر اور تمام ریکارڈ وہاں پر منتقل کردیا گیا بعد میں جماعت نے Hardwick کی بلڈنگ بیچ کر Dear park Road پر ایک بڑی عمارت خرید لی اور پریس ڈیسک وہاں منتقل ہوگیا۔ اس میں ایک بہت بڑا سٹور فائلوں سے بھرا ہوا ہے۔ اس سٹور میں جا کر پتہ چلتا ہے کہ اتنی بے شمار فائلیں بنانے کے لئے کس طرح دن رات کام ہوا۔ پریس میں کام کرتے ہوئے سالانہ سینکڑوں خطوط لکھے جاتے پریس ریلیز لکھی جاتیں۔ اہم خبریں جن کا جماعت سے تعلق ہوتا ان کے تراشے محفوظ کئے جاتے۔ ان کے ساتھ ایک مستقل ٹیم تھی۔ ان کا اپنے ساتھیوں کے ساتھ کام کرنے کا طریقہ بہت اچھا تھا۔ آپ باقاعدہ انہیں ساتھ لے کر چلتے اور اور کام سکھاتے۔ جو خطوط دوسروں سے لکھواتے ان کو ہدایت تھی کہ لکھنے کے بعد فون پر سنا دئے جائیں یا فیکس کردی جائے تاکہ تصحیح ہو جائے۔ اس بات میں بہت محتاط تھے مبادا کوئی غلط بات جماعت کے متعلق لکھی جائے۔ اور جماعت پر حرف آئے۔

عراق کی جنگ میں حضور اقدس نے انہیں ایک اور ذمہ داری سونپی اور فرمایا کہ روزانہ حضور سے ہدایت لیں اور مختلف ٹیمیں بنا کر ان سے خطوط لکھوائیں۔ چنانچہ اس ضمن میں عاجزہ نے بھی لجنہ کی چنیدہ عورتوں کو جو پہلے بھی خطوط لکھتی تھیں رابطہ کیا۔ رشید صاحب نے انہیں سپیشل ہدایت دیں اور ٹیمیں بنوائیں۔ ان دنوں میں کچھ ایسا معمول تھا کہ سکول سے واپس آتے تو وہ وقت حضور اقدس سے ملاقات کا ہوتا۔ حضور اقدس سے ہدایت لینے کے بعد مجھے فوراً ساتھ لے کر کسی نہ کسی نزدیکی لجنہ جس سے پہلے وقت مقرر کیا ہوتا تھا جاتے اور ہدایت دے کر واپس آتے۔ حضور اقدس نے بارہا فرمایا۔ رشید احمد صاحب یہ لوگ جو کچھ کررہے ہیں کرنے دیں۔ اصل کام تو آپ کررہے ہیں آپ دیکھیں گے کہ وقت آنے پر کیا نتائج ہوں گے۔

رشید احمد صاحب ایک نہایت خاموش، محنتی اور بے نفس انسان تھے۔ جن کی زندگی کا مقصد خلیفہ وقت کی اطاعت کام ۔ کام اور بس کام ہی تھا۔ سیکرٹری تعلیم و تربیت یو۔کے ہونے کی وجہ سے اطفال کی پندرہ روزہ کلاس کے انچارج بھی ہوتے تھے۔ سالہا سال تک یہ کلاسز نہایت کامیابی سے چلیں۔ اطفال اور خدام نے بہت فائدہ اٹھایا۔ اس کے ساتھ آپ احمدیہ بک ڈپو کے انچارج بھی تھے۔ آپ کے ساتھ خدا کے فضل سے ایک نہایت وفادار ٹیم بھی تھی۔ جس میں غلام محمد چغتائی صاحب محترم صادق صاحب اور محترم مرزا منان صاحب مرحوم کے نام سرفہرست ہیں۔

مختلف مشنوں کے آرڈر پورے کرنے کے لئے تمام کتب کی ترسیل، تمام بل بنانے، وقت پر رقوم کا اندراج کرنا اور روزانہ بنڈل بنا کر پوسٹ آفس میں دینا یہ ایک نہایت محنت طلب کام تھا۔ جو کہ باقی تمام فرائض کے ساتھ آپ احسن طریق سے نبھا رہے تھے۔ ماہنامہ اخبار احمدیہ یوکے کے دس سال مینیجر رہے۔ اپنی ٹیم کے ساتھ تو کام کرتے ہی تھے۔ لیکن جب اخبار پوسٹ کرنے کا وقت آتا تو اکثر اوقات کام زیادہ ہونے کی وجہ سے اپنے گھر کے سٹنگ روم میں بھی بنڈل لے آتے اور بچوں کو بھی ساتھ ملا کر کام ختم کرنے کی کوشش کرتے۔ مجھے وہ دن بھی اچھی طرح یاد ہیں جبکہ براؤن رنگ کے کاغذ میں اخبار لپیٹ کر ہاتھ سے پتے لکھے جاتے۔ بعد ازاں اخبار پولیتھین کے لفافوں میں بند کیا جانے لگا۔

محترم رشید احمد صاحب نے باوجود اپنی انتہائی مصروفیت کے لجنہ کے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔ شروع سے ہی تنظیمی کاموں میں محترمہ مسز سلام صاحبہ سے راہنمائی اور مشورہ لیا کرتی تھیں۔ اکثر دورہ جات کے لئے بھی لجنہ کو اپنی کار میں لے جاتے تھے۔ عاجزہ کے پاس جنرل سیکرٹری کا عہدہ تھا۔ مرکز ربوہ میں سالانہ رپورٹس شائع ہوتی تھیں۔ انگلش میں ٹائپ شدہ رپورٹ بھیجنی ہوتی تھی۔ وہ کام بھی رشید احمد صاحب ہی کرتے تھے۔ رشید احمد صاحب نے لجنہ اور ناصرات کی تربیتی کلاسوں میں لجنہ کے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔ اور ہماری کلاسوں کو کامیاب بنایا۔ 1985ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اسلام آباد ٹلفورڈ میں لجنہ کو تین ہفتوں کی انٹرنیشنل کلاس منعقد کرنے کا ارشاد فرمایا۔ اس کلاس میں یورپ کے دوسرے ملکوں سے بھی بچیاں آئیں اور حضور اقدس نے محترم رشید احمد صاحب کو سیکرٹری تعلیم و تربیت یو۔کے ہونے کے ناطے اس کلاس کا انچارج بنایا۔ ماہ اگست میں یہ کلاس منعقد ہوئی تھی۔ رشید احمد صاحب روزانہ اسلام آباد آتے۔ کلاس کی رپورٹ لیتے اور رپورٹ لکھ کر آقا کی خدمت میں پیش کرتے۔ تازہ ہدایات لیتے اور لجنہ کو پہنچاتے۔ خدا کے فضل اور آقا کی راہنمائی کے ساتھ یہ ایک نہایت کامیاب کلاس تھی۔

گردے میں پتھری ان کو ورثہ میں ملی تھی۔ ان کے والد محترم چوہدری بشیر احمد صاحب بھی گردے کی تکلیف کی وجہ سے ہی فوت ہوئے تھے۔ شادی کے چند ماہ بعد ہی مجھے ان کی گردے میں درد کا پتہ چلا۔ لندن میں آکر چند سال ہی روزے رکھ سکے۔ گرمیوں کے لمبے دن تھے۔ روزے کی وجہ سے جسم میں پانی کی کمی ہو جاتی اور گردے میں درد شروع ہو جاتی۔ ایک دفعہ Lazer سے پتھری نکالی بھی گئی اس کے بعد ہومیو پیتھک دوائیوں سے آگہی ہوگئی اور پھر حسب ضرورت دوائیاں دینے سے پتھری کی تکلیف نہیں ہوئی۔ 1985ء میں رشید احمد صاحب کی آنکھ کا آپریشن بھی ہو۔ ان کی نظر بہت اچھی تھی۔ لیکن بلڈ پریشر کی دوائی ان کی نظر کی خرابی کی وجہ بنی۔ 1988ء میں بواسیر کا آپریشن ہوا۔ ان کی ڈائری سے پتہ چلتا ہے کہ یہ تکلیف بھی ان کو دوائی کے سائڈ Effect سے ہوئی۔ دل کے حملے کے وقت بھی یہی کچھ سننے کو ملا۔ رشید حمد صاحب کا کولیسٹرول بالکل نارمل تھا۔

جس دن حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی وفات ہوئی۔ اس دن ان پر گاؤٹ کا حملہ پاؤں کے انگوٹھے پر ہوا۔ بیساکھیوں کی مدد سے چل کر چہرہ مبارک کی زیارت کی اور جنازے میں شامل ہوئے۔ اس وقت بھی یہ حملہ پیشاب آور دوائی کی وجہ سے ہوا۔

رشید احمد صاحب کو دل کے آپریشن کے بعد جو دوائیاں دی جاتی تھیں۔ ان کے ساتھ پوٹاشیم کی کمی پوری کرنے کے لئے روزانہ ایک کیلا ضرور کھانا ہوتا تھا۔ ستمبر 2005ء میں ہسپتال چیک اپ کے لئے گئے ڈاکٹروں نے دوائیوں کا combination بدل دیا اب پوٹاشیم base دوائیاں دی گئیں۔ کیلا اور آلو بند کردیئے گئے۔ جب آخری دن ایمبولینس میں بیٹھ کر ہسپتال گئے تو خون میں پوٹاشیم لیول 9 تھا خون کو فلٹر کرنے کی نوبت ہی نہ آئی اور آپ اپنے پیارے آقا کے حضور حاضر ہوگئے۔

رشید احمد صاحب نے مخالفین کے سوالات کے جوابات۔ پاکستان میں احمدیوں پر مظالم پر کتب اور سینکڑوں خطوط اور مضامین جماعت کے موقف پر لکھے۔ کیونکہ حضور اقدس کا ارشاد تھا کہ کوشش کریں آپ کا نام سامنے نہ آئے۔ اس کے ساتھ چلڈرن بک کمیٹی کی میٹنگز حضور اقدس کے ساتھ باقاعدگی سے ہوتی رہیں اور کتب چھپنے کا سلسلہ جاری رہا۔

1991ء میں جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع قادیان تشریف لے گئے تو ہم بھی قادیان جانے والے خوش نصیبوں میں سے تھے۔ ہماری دو چھوٹی بیٹیاں، عزیز عنبر اور عزیزہ ثمین بھی ہمارے ہمراہ تھیں امرتسر سے جب قادیان پہنچے تو کہنے لگے مجھے الدار کے قریب ہی اتار دو۔ میرا دفتر یہاں ہے اور رہائش بھی یہیں ہے۔ بچپن کی یادیں انمنٹ ہوتی ہیں۔ قادیان اپنا ہی شہر ہے۔ میرے ابا جان کیپٹن ڈاکٹر بشیر احمد صاحب ایم سی نے اپنی درویشی میں دس سال قادیان میں گزارے تھے اور میرے بھی چند سال قادیان میں گزرے تھے۔ ٹیکسی ہمیں یو۔کے گیسٹ ہاؤس پہنچا گئی۔ مجھے جب بھی قادیان جانے کا موقعہ ملا ہے گلیاں جانی پہچانی ہی لگتی ہیں۔

اب قادیان کی اپنی ہی کہانی ہے۔ عورتوں کے لئے علیحدہ گیسٹ ہاؤس تھا اور جلسہ کے شروع ہونے سے پہلے اور جلسہ کے ختم ہونے کے بعد اکثر مرد حضرات اپنی فیملیوں کا حال پوچھنے آجاتے۔ میں نے کئی ایک شناسا لوگوں سے پوچھا کہ کسی کو رشید احمد صاحب کا پتہ ہے اگر کہیں نظر آجائیں تو انہیں کہیں ہمارا بھی حال پوچھ جائیں۔ لیکن یہ اللہ کا بندہ اپنے حال میں مست۔ جلسہ ختم ہونے کے بعد میں خود جلسہ سالانہ کے دفاتر میں گئی۔ جا کر پریس کے دفتر کا پتہ کیا۔ کہنے لگے وقت ہی نہیں ملا میں خود بہت مصروف ہوں اور یہ کہ میں پریس کانفرنس کے لئے قافلہ کے ساتھ دلی جارہا ہوں اور تم جو قافلہ واپس پاکستان جارہا ہے اس کے ساتھ پاکستان واپس چلی جاؤ۔ عزیزہ ثمین اپنے ابو کے لئے بہت اداس ہورہی تھی وہ ان کے ساتھ ہی رک گئی۔ صبح اسے چھوڑنے کے لئے آئے تو ہمیں بھی خدا حافظ کہہ لیا۔

دلی میں کافی دن لگ گئے۔ تو ہم لندن واپس آنے کے لئے اکٹھے لاہور سے کراچی آئے۔ ہم اپنی ٹکٹیں کراچی گیسٹ ہاؤس میں ہی کسی کے سپرد کر آئے تھے۔ کہ واپسی کی بکنگ کنفرم ہو جائے۔ جانا تو کراچی سے ہی تھا۔ کراچی آکر پتہ چلا کہ کسی وجہ سے ٹکٹیں دوبارہ کنفرم نہیں ہوسکیں۔ اب ہمیں ایک ہفتہ بعد دوسری فلائٹ ملے گی۔ رشید احمد صاحب نے لندن جلد واپس پہنچنا تھا۔ چنانچہ فوراً کوشش کر کے اپنی اس دن لندن واپسی کی ٹکٹ خریدی اور ہمیں کراچی چھوڑ کر خود لندن کے لئے روانہ ہوگئے۔

مجھے ان کے پہلے ہارٹ اٹیک کی تاریخ یاد نہیں لیکن اتنا پتہ ہے کہ جلسہ سالانہ یو۔کے سے چند ہفتے پہلے اپنے دفتر میں طبیعت خراب ہوئی تھی تھوڑی دیر وہاں فرش پر ہی لیٹ گئے۔ اتفاقاً دفتر میں اس وقت اور کوئی بھی نہیں تھا تھوڑا وقت گزرنے کے بعد کار

چلا کر خود ہی گھر آ گئے۔ لیکن طبیعت میں بے چینی بہت تھی بہت مشکل سے ایمبولینس بلانے دی۔ کوئین میری ہسپتال لے کر گئے وہاں جا کر پتہ چلا کہ Mild heart attack ہے عمر ہی ایسی تھی کہ اتنی زیادہ تشویش بھی نہ ہوئی اور اتنا زیادہ سیریس بھی نہ لیا۔ ان کو کبھی بھی Heart attack کے وقت درد نہیں ہوئی اس لئے اس موذی مرض کا پتہ ہی نہ چل سکا۔ انہوں نے صرف دو ہفتے آرام کیا اور پھر جلسہ سالانہ کی تیاریوں میں مصروف ہو گئے لیکن طبیعت زیادہ خراب رہنے لگی ان دنوں حضرت اقدس نے الفضل انٹرنیشنل کے اجراء کے لئے بھی ان کو تمام تیاری کے لئے کہہ دیا تھا اور حضور سے ملاقاتیں وغیرہ ہو رہی تھیں حضور اقدس کی دوائیاں اور دعائیں شامل حال تھیں میرے بچے چھوٹے تھے گھر میں مصروفیت کی وجہ سے جب بھی ان کی ہسپتال میں اپائنٹمنٹ (oppointment) آتی تو یہ خود ہی چلے جاتے ایک اپائنٹمنٹ میں عاجزہ خود ان کے ساتھ گئی کہ آپ بولتے نہیں اور اپنی تکلیف بتاتے نہیں اس لئے طبیعت بہتری کی طرف نہیں آ رہی۔ میں نے ڈاکٹر کو کہا کہ دوائیاں کھانے کے باوجود ان کی طبیعت بہتری کی طرف مائل نہیں ہو رہی کیا وجہ ہے یہاں لندن میں ڈاکٹروں اور نرسوں کا رویہ مریض کے ساتھ بہت اچھا ہوتا ہے لہجہ بھی ہمیشہ نرم اور ہمیشہ positive بات کہتے ہیں لیکن نہ جانے اللہ تعالیٰ نے رشید احمد صاحب کو زندگی دینی تھی کہ ڈاکٹر کے منہ سے ایسے الفاظ نکلے کہ ہمیں فوراً آپریشن کروانے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ ڈاکٹر نے کہا کہ اس کی زندگی کے دن پورے ہو چکے ہیں تم اب اور کیا چاہتی ہو۔ ہم دونوں بہت پریشان گھر آئے۔ حضور اقدس کو رشید احمد صاحب کی اپائنٹمنٹ کے متعلق پتہ تھا جب ہم واپس گھر آئے تو محترم پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کا فون آ گیا کہ حضور اقدس ڈاکٹری رپورٹ کے بارے میں استفسار فرما رہے ہیں۔ میں تو پہلے ہی بھری بیٹھی تھی فوراً ڈاکٹر کا جملہ دہرا دیا کہ وہ یہ کہہ رہا ہے اگلے دن آقا نے غلام کو یاد کر لیا اور ساتھ ہی ڈاکٹر شبیر بھٹی صاحب کو بھی بلا لیا اور ڈاکٹر صاحب کو فرمایا کہ ہم نے رشید احمد صاحب سے ابھی بہت کام لینے ہیں وقت ضائع نہیں کرنا اور یہ کہ پرائیویٹ طور پر دل کا By pass کروانے کے لئے وقت لے دیں۔ محترم ڈاکٹر صاحب نے دوڑ دھوپ کر کے 10 دن کے اندر اندر ہی اپائنٹمنٹ لے دی ایک عراقی ڈاکٹر صاحب کے ساتھ آپریشن کے لئے۔

26 نومبر 1992ء حضور کا میرے نام دعائیہ خط میں ارشاد آیا کہ میں رشید احمد صاحب کے لئے بہت دعا کرتا ہوں صرف آپ کے خاندان کو ہی ان کی ضرورت نہیں۔ جماعت کو بھی ان کی بہت ضرورت ہے۔ انہوں نے ابھی بہت کام کرنے ہیں۔ اس خط کے بعد میں نے یہ سمجھا کہ ہمارے لئے تو ان کی زندگی شائد اتنی ہی ہو 56 سال عمر تھی اس وقت رشید احمد صاحب کی۔ بعد کی زندگی حضرت خلیفۃ المسیح نے جماعتی کاموں کے لئے مانگی ہے۔ اس کے بعد میرے دل میں رشید احمد صاحب کا عجیب قسم کا احترام پیدا ہو گیا اور میں نے سمجھ لیا کہ یہ شخص جماعت کا سرمایہ ہے اور اسی کے لئے ہر آن زندہ رہنا ہے۔ پرائیویٹ آپریشن ہونا تھا جس کے لئے خطیر رقم درکار تھی میں دعا کے لئے حضور کی خدمت میں حاضر ہوئی تو فرمایا کہ ناصرہ پیسوں کے لئے فکر نہ کرنا ضرورت ہو تو مجھے بتانا حضور اقدس کو چھوٹی چھوٹی باتوں کا بہت ہی خیال رہتا تھا میں نے عرض کی حضور ہو جائے گا پیسوں کا انتظام انشاء اللہ۔ رشید احمد صاحب نے اس وقت اپنا سارا بینک بیلنس میرے نام کر دیا کہ تمہیں ضرورت پڑے گی۔ جب خدا کے فضل سے ٹھیک ہو گئے تو پھر بھی اکاؤنٹ میرے نام ہی رہنے دیا کہ سارے کام تو تم ہی کرتی ہو میں اپنے کاموں میں لگا رہتا ہوں۔ 14 دسمبر 1992ء کو آپریشن ہوا تو میرے ساتھ چھوٹا بیٹا عزیزم قمر بھی ہسپتال میں تھا دو دفعہ دفتر میں فون کر کے دعا کے لئے کہا 6 گھنٹے کا آپریشن تھا اور چار بائی پاس ہوئے ڈاکٹر نے باہر آ کر بتایا کہ ان کو کئی چھوٹے چھوٹے حملے بھی ہوئے ہیں اور دل کافی damage ہو چکا ہے حضور اقدس اور جماعت کی شفقتیں بے پایاں تھیں روزانہ حضور اقدس کو رپورٹ دینی ہوتی تھی 10 دن کے بعد جب ہسپتال سے واپس آئے تو مجھے کار چلاتے ہوئے یہ احساس تھا کہ میں اپنے خاوند کو ہی واپس لے کر نہیں جا رہی بلکہ ایک نہایت ہی قیمتی سرمایہ ہے جماعت کا جس کو بحفاظت واپس پہنچانا میری ذمہ داری ہے۔

گھر پہنچتے ہی میں نے حضور اقدس سے پرائیویٹ سیکرٹری کے توسط سے بات کی اور حضور کو خوشخبری دی کہ الحمدللہ واپس گھر آ گئے ہیں۔ حضور نے رشید احمد صاحب سے خود بات کی اور فرمانے لگے کہ آپ کی بیٹی کا کیا حال ہے مجھے اس سے ملوانا اس کے چہرے پر جو پریشانی تھی وہ مجھے نہیں بھولتی آپریشن کے بعد طبیعت سنبھلتے سنبھلتے کافی وقت لگ گیا مئی تک اپنے کام کرنے کے قابل ہوئے۔

1993ء مارچ میں ایک ایشیئن اخبار The life میں ایک کوئز میں انعام جیتا۔ دنیا میں کسی بھی جگہ جانے کی دو ٹکٹیں۔ چنانچہ اگست 1993ء میں جلسہ سالانہ کے بعد ہم آسٹریلیا کے لئے روانہ ہوئے اور اس سفر کے دوران ہم نے سنگاپور، بالی، انڈونیشیا میں بھی قیام کیا ہماری دو بڑی بیٹیاں عزیزہ فوزیہ اور نینا قدسیہ اس سفر میں ہمارے ساتھ تھیں۔ یہ ایک ماہ کا یادگار سفر تھا۔

7 جنوری 1994ء کو تاریخ احمدیت میں نئے باب کا اضافہ ہوا صبح اخبار الفضل انٹرنیشنل کا پرچہ ہاتھ میں آیا اور حضرت مسیح موعود کا الہام دیکھو میرے دوستو اخبار جاری ہو گیا اس دن پورا ہوا۔ محترم رشید احمد صاحب کو پہلا ایڈیٹر بننے کی سعادت نصیب ہوئی اسی دن 7 جنوری 1994ء کو M.T.A کا اجراء عمل میں آیا یہ دو عظیم الشان کام جن کے فیض رہتی دنیا تک جاری رہیں گے ایک ہی دن میں عمل میں آئے۔ اسی دن ہمارے گھرانے کو بھی ایک خوشخبری ملی کہ ہمارے بیٹے عزیزم مسرور احمد جس نے یونیورسٹی کی تعلیم چند ماہ پہلے ہی ختم کی تھی کو گریسن ہال روڈ پر فلیٹ خریدنے کی توفیق ملی اور چابی 7 جنوری کو ہی ملی جب ہم نے حضور اقدس کی خدمت میں مبارک باد کے خطوط لکھے تو ساتھ ہی عزیزم مسرور کے فلیٹ کا بھی لکھا اور آقا کا بڑا ہی پیارا جواب ملا۔

رشید احمد صاحب کو دل کے آپریشن کے بعد سال ڈیڑھ سال بعد ہسپتال چیک اپ کے لئے جانا پڑتا کیونکہ پاؤں اور ٹخنوں میں سوجن آ جاتی تھی۔ دوائیوں وغیرہ سے پانی نکل جاتا تو فریش ہو جاتے اکثر اپریل، مئی کے مہینوں میں ہی گئے۔ میں حضور کو کہتی کہ یہ جلسہ سالانہ کے لئے M.O.T کروانے جاتے ہیں۔ اگست 1999ء میں ملائیشیا، دوبئ اور سنگاپور گئے عزیزم قمر، عنبر اور ثمین کے ہمراہ اپریل 2000ء میں ہم پاکستان گئے۔

2002ء ایک نہایت ہی متبرک سال تھا اس میں اللہ تعالیٰ نے عمرہ کی توفیق بخشی ہمارے ساتھ میری دونوں بہنوں عزیزہ شاہدہ متین از سویڈن، عزیزہ نبیلہ رفیق فوزی از ناروے اس کے دونوں وقف نو بچوں عزیزم یاسر اور عزیزم عامر نے عمرہ کی سعادت حاصل کی اسی سال ہمارے دو بچوں عزیزم مشہود قمر اور عزیزہ طیبہ عنبر کی شادیاں ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ نے خانہ کعبہ میں اور مدینہ منورہ میں دعاؤں کی توفیق بخشی۔ حج کی بڑی خواہش تھی لیکن اپنی صحت کی وجہ سے گھبرا جاتے تھے۔ 2004ء میں انڈیا اور پاکستان کا سفر کیا قادیان کے جلسہ میں شرکت کی۔ دلی، آگرہ اور جودھ پور کی لمبی سیر کی ہم نے قادیان سے بڑی گاڑی کرایہ پر لے لی تھی اور تمام سفر گاڑی میں ہی طے کیا۔ ہمارے دو بچے عزیزم مشہود قمر اور عزیزہ ثمین رشید اس سفر میں ہمراہ تھیں۔ 2004ء میں قادیان کے جلسہ کا پروگرام اس طرح بنا کہ ہندوستان سے ایک نہایت ہی شریف النفس جرنلسٹ سدھو صاحب ان سے لندن میں ملے بعد ازاں ان کا انٹرویو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے کروایا ان سے باتوں کے دوران رشید احمد صاحب نے اپنے گاؤں پَھمبیاں ضلع ہوشیار پور کا ذکر کیا۔ یہ جرنلسٹ قریب ہی ہوشیار پور میں رہتے تھے انہوں نے رشید احمد صاحب کو دعوت دی کہ آپ جب بھی انڈیا آئیں تو میں آپ کو آپ کے گاؤں لے کر جاؤں گا۔ بعد ازاں انڈیا سے فون کر کے بھی اصرار کرتے رہے۔

29 دسمبر 2004ء کو ہم ٹیکسی پر ہوشیار پور روانہ ہوئے جہاں سے سدھو صاحب کی گاڑی میں ہم ہوشیار پور سے 9 میل دور پَھمبیاں گاؤں پہنچے جہاں کا عظیم الشان استقبال ہوا نمبردار صاحب گاؤں کے کچھ سرکردہ لوگوں کے ساتھ پھولوں کے ہار لئے کھڑے تھے اور انہوں نے رشید صاحب کو پہنائے اور ایک گرم چادر بھی تحفۃً ان کو دی۔ وہ خوش تھے کہ گاؤں کا ایک مومن باشندہ پارٹیشن کے بعد پہلی دفعہ ملنے کے لئے آیا ہے۔ رشید احمد صاحب گاؤں کی گلیوں میں پھرے اور ایک جگہ اپنے مکان کی نشان دہی کی۔ رشید صاحب کے دادا حضرت مولا بخش صاحب بھی استاد تھے اور انہوں نے گاؤں میں یہ دیکھتے ہوئے کہ بچیوں کا سکول نہیں ہے، سکول کھولا بعد ازاں لڑکے بھی پرائمری تک پڑھتے رہے۔ لڑکیوں کا سکول مڈل یا شائد میٹرک تک پہنچ گیا۔ اور اتفاق ایسا ہوا کہ نمبردار کے گھر جا کر چائے پیتے ہوئے ایک بوڑھا مرد اور دو بوڑھی عورتیں جن کو اپنے استاد کا نام یاد تھا اور وہ رشید احمد صاحب کے دادا سے پڑھی ہوئی تھیں موجود تھے ان کے ساتھ فوٹو گراف بھی بنائے۔ ان میں سے ایک عورت کا بیٹا جالندھر میں ایڈووکیٹ ہے۔ اس نے ہمیں نمبردار سے فون لے کر فون کیا اور رشید احمد صاحب سے باقاعدہ رابطہ رکھا۔ اس گاؤں کے لوگوں میں شرافت انتہا کی ہے۔ گاؤں کی بیت جو کہ رشید صاحب کے دادا نے ہی بنوائی تھی اللہ کے فضل سے بالکل صحیح حالت میں ہے۔ اسی طرح نداء کے لئے لاؤڈ سپیکر لگا ہوا ہے۔ گاؤں والوں نے بیت میں نماز پڑھنے والی جگہ اسی طرح رہنے دی ہے بیت کے صحن میں ایک علیحدہ چھوٹا مندر بنا دیا ہے اور چھوٹا سا گردوارہ ہے۔ گویا کہ ہر مذہب کے لوگ ایک ہی جگہ اپنی اپنی عبادت کر سکتے ہیں۔ رشید صاحب کے دادا جولائی 1947ء میں فوت ہوئے اور قادیان بہشتی مقبرہ میں دفن ہوئے۔ حالات کی خرابی کی وجہ سے جنازہ قادیان نہ لایا جا سکا لیکن یادگار کتبہ لگا ہوا ہے۔ رشید صاحب نے کہا کہ وہ بیت میں سفیدی وغیرہ کروانے کے لئے پیسے دے دیتے ہیں۔ لیکن نمبردار صاحب نے کہا وہ خود کروا لیں گے۔ بعد ازاں انہوں نے فون پر رشید صاحب کو بتایا کہ انہوں نے سفیدی کروا دی ہے۔ گاؤں سے واپسی کے بعد ہم محترم سدھو صاحب کے گھر پہنچے انہوں نے پُر تکلف کھانے کا انتظام کیا ہوا تھا اور ساتھ چار اخباروں کے صحافی بھی تھے انہوں نے رشید احمد صاحب کا انٹرویو لیا اور اگلی صبح اخباروں میں تصویروں کے ساتھ بڑی اچھی خبریں شائع کیں۔ یہاں سے پھر ہم ہوشیار پور میں اس مکان پر گئے جہاں حضرت مسیح موعود نے چالیس دن چلہ کاٹا تھا اور دعائیں کی تھیں۔ اس مبارک کمرے میں جہاں حضور کا قیام تھا نوافل ادا کرنے کی توفیق عطا ہوئی شام کے وقت قادیان واپس آئے۔ اس سفر میں میرا درویش بھانجا عزیزم مجید احمد

ساتھ تھا رشید صاحب جا کر تو خوش ہوئے ہی، ہمارے دونوں ہمراہی بچوں عزیزم قمر احمد اور عزیزہ ثمین رشید کے لئے بھی یہ ایک بہت یادگاری سفر تھا۔

Book of religious knowledge آخری مراحل میں تھی اسی طرح حضرت عائشہؓ پر بھی کتاب لکھنے کا کام ہو رہا تھا حضور اقدس کے دورہ قادیان سے چند دن پہلے حضور اقدس سے دفتری ملاقات کی اور کوئی نیا پلان لے کر گئے۔ خوراک بہت ہی کم ہوگئی تھی 23 دسمبر کو مجھے احساس ہوا کہ ان کے منہ پر کچھ سوجن ہے۔ چنانچہ GP 25 دسمبر کرسمس ڈے دوپہر کے وقت گھر تشریف لائے۔ ہماری بیٹی عزیزہ عنبر اور ڈاکٹر نوید نے اپنا پہلا گھر خریدا تھا اور اس کی خوشی میں دعوت کی ہوئی تھی۔ تمام بچے اس کے ہاں گئے ہوئے تھے۔ ڈاکٹر نے سمجھا کہ شاید فالج کا اثر ہونے والا ہے اور زبان لڑکھڑا رہی ہے تو ایمبولینس بلا کر ہسپتال بھیجنے کے لئے فون کر دیا۔

ایمبولینس آ گئی رشید احمد صاحب نے جانے سے انکار کر دیا کہ میں بیمار نہیں ہوں میں ان چھٹیوں میں جب کہ Skeltan سٹاف کم ہوتا ہے ہسپتال نہیں جاؤں گا۔ ایمبولینس واپس کر دی، ڈاکٹر صاحب ناراض بھی ہوئے 26 دسمبر کی صبح اٹھ کر نہائے ناشتہ وغیرہ کیا اور جلسہ سالانہ کی کارروائی MTA پر سنی اور حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تقریر کے نوٹس لئے۔ 27 دسمبر کو ڈاکٹر صاحب پھر خود ہی وزٹ کرنے کے لئے آ گئے اور چیک اپ کے بعد کہنے لگے کہ آگے سے طبیعت خاصی بہتر ہے۔ اسی دن اپنے Study Room میں بیٹھ کر پریس ریلیز بنائی اور گھر سے تمام اخباروں کو Fax کی۔ 28 دسمبر کی صبح نیچے آئے ہلکا پھلکا ناشتہ کیا لیکن پھر اوپر بستر میں چلے گئے اور تقریر سننے نیچے نہ آ سکے کہنے لگے مجھے آڈیو ٹیپ بیت سے لا دینا میں سن کر اپنا کام کر لوں گا۔ 28 تاریخ کی رات کو طبیعت کافی خراب رہی لیکن اب میں ہسپتال جانے کے لئے تو کہہ نہیں سکتی تھی۔ 29 دسمبر کی صبح اخباریں منگوائیں۔ ان کی پریس ریلیز چھپ چکی تھی وہ پڑھی ہلکا سا ناشتہ کیا۔ دوپہر کو ان کے نائب محترم عارف ناصر صاحب کا فون آیا کہ پریس ریلیز کا کیا کرنا ہے کہنے لگے کہ انہیں کہہ دو کہ انگلش میں حضور اقدس کی تقریر کا خلاصہ نکال کر مجھے فیکس کر دیں میں خود ہی اردو میں ترجمہ کر کے بھجوا دوں گا۔ دوپہر کو ہلکا سا لنچ کیا خود ہی کہنے لگے کہ Park Side پرائیویٹ ہسپتال ہے اس میں پتہ کر دو۔ ایمبولینس میں بیٹھتے ہی عزیزم مسرور کو محسوس ہوا کہ ابو کا ہاتھ لٹک گیا ہے فوراً ٹریٹمنٹ دی اور آکسیجن وغیرہ دے کر ہسپتال کے لئے روانہ ہو گئے جب میں ہسپتال پہنچی تو پتہ چلا کہ گردوں میں پوٹاشیم کا لیول 9 تک پہنچا ہوا تھا ابھی پندرہ منٹ ہی ہوئے تھے بیٹھے کہ ڈاکٹر نے آ کر کہا کہ ٹیکہ کے اثر سے دل چلا تھا لیکن اب کوئی response نہیں ہے۔ تقریباً رات کے آٹھ بجے اپنے پیارے خدا کے حضور حاضر ہو گئے۔

لندن سے زیادہ لوگ جلسہ قادیان کے لئے جا چکے تھے ان کے بھائی چوہدری ناصر احمد صاحب افسر جلسہ سالانہ بھی قادیان میں تھے ان کا انتظار کیا 5 جنوری 2006ء کو دوپہر جنازہ پڑھایا گیا اور اسی روز Brook wood قبرستان کے قطعہ موصیان میں تدفین عمل میں آئی۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بھی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔ اور اس طرح ایک ایسا انسان جس نے اپنا کیرئیر سپاہی سے شروع کیا تھا آخری وقت تک قلم کا جہاد کرتے ہوئے اپنے مولا کے حضور حاضر ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ ہزار رحمتیں نازل کرے جانے والے پر اس کے درجات بلند کرے اور اس کی اولاد کو نیکی کے راستے پر گامزن ہونے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

❁❁❁❁❁

مکرم سیف اللہ وڑائچ صاحب

سانحہ دارالذکر لاہور میں بڑی جرأت و بہادری سے جاں نثار کرنے والے

محترم منیر احمد شیخ صاحب امیر ضلع لاہور کا ذکر خیر

میرا تعلق مکرم منیر احمد شیخ صاحب کے ساتھ تقریباً 43 سال پرانا تھا اور جوں جوں وقت گزرتا گیا اس تعلق میں مزید وسعت آتی گئی اور اب تو یہ حالت تھی کہ دن میں ایک بار فون نہ کر لوں تو دل میں ایک تشنگی سی رہتی تھی اور ہفتہ دس دن میں ایک دفعہ مل نہ لوں تو دل بیقرار رہتا تھا۔ میرے زندگی کے تمام معاملات اور مشورہ جات مشکلات میں دعاؤں کی درخواست دفتری معاملات استخارے کرانا گویا کوئی ایسا کام نہ ہوگا کہ میں نے آپ سے شیئر نہ کیا ہوگا اور خدا کے فضل و کرم سے مرحوم ہمیشہ مجھے اپنی شبینہ دعاؤں میں یاد رکھتے تھے اور ہمیشہ ماہ رمضان میں اعتکاف بیٹھا کرتے تھے اور اکثر بیت التوحید آصف بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور میں اعتکاف بیٹھتے تھے۔ اعتکاف کے ختم ہونے پر ہمیشہ فرماتے کہ سیف اللہ میں نے آپ کا نام لے لے کر دعائیں کیں اور میرے لئے اس سے بڑھ کر کوئی اور انعام نہیں ہو سکتا تھا اور دل ہی دل میں ان کیلئے دعائیں نکلتی تھیں۔

شہید کے ساتھ میرا تعلق ان کے سسرال کی وجہ سے تھا اور یہ تعلق پون صدی پر محیط ہے۔ کیونکہ میرے والد چوہدری عنایت اللہ صاحب کے اس خاندان کے ساتھ بڑے قریبی تعلقات تھے۔ امیر صاحب کے سسر محترم راجہ علی محمد صاحب نے میرے والد کو اپنا بیٹا بنایا ہوا تھا۔ مکرم راجہ علی محمد صاحب کی شادی خالد احمدیت ملک عبدالرحمٰن خادم صاحب گجراتی کی بڑی ہمشیرہ شریف بیگم صاحبہ سے ہوئی تھی اور یہ خاندان قیام پاکستان کے بعد 1/41 کچہری روڈ گجرات میں رہائش پذیر تھا اور ہم بھی سعد اللہ پور ضلع گجرات کے رہنے والے تھے اور والد صاحب نے بسلسلہ ملازمت ساری عمر گجرات میں ہی گزاری اور اس خاندان سے یہ تعلق دن بدن بڑھتا گیا۔ مرحوم بڑی ہی اعلیٰ طبیعت کے مالک تھے۔ وعدہ کی پاسداری اور تعلقات کو نبھانا تحمل مزاجی، شرافت کا پیکر نمازوں اور تہجد کا پابند تھا اور آخر اللہ تعالیٰ نے ان کی جان کی قربانی بیت الذکر میں ادائیگی نماز جمعہ کی حالت میں قبول فرمائی شیخ صاحب کی خوشدامن 53/C گلبرگ میں اکیلی رہتی تھیں اور آپ بطور سیشن جج کبھی ڈیرہ غازی خان کبھی سیالکوٹ، شیخوپورہ وغیرہ وغیرہ تعینات رہتے تھے۔ اپنے بڑے بیٹے نبیل احمد کو اپنی نانی کے پاس چھوڑا ہوا تھا تاکہ اپنی نانی کی خدمت کرے اور ساتھ پڑھائی بھی کرے۔ اللہ تعالیٰ نے اس بیٹے کو نانی کی خدمت کرنے اور نانی کی دعائیں لینے کی سعادت بخشی اور بالآخر C.S.S کر کے فارن سروس میں خدمات بجا لانے کی توفیق حاصل ہوئی۔ اپنے بیٹے کو نانی کی خدمت کیلئے گویا وقف کیا ہوا تھا۔

اپنی نوکری نہایت دیانتداری اور جرأت سے سرانجام دی جہاں بھی تعینات ہوئے۔ وہاں کی جماعت سے جاتے ہی رابطہ قائم کیا اور سب کو معلوم ہوتا تھا کہ جج صاحب احمدی ہیں۔ منصف مزاج ہیں بڑے قابل ہیں اور غلط سفارش نہیں مانتے اور رشوت کو حرام سمجھتے ہیں ان کی فائل جب ہائی کورٹ کے جج کیلئے اعلیٰ حکام کے پاس گئی تو خدا کے فضل سے چیف جسٹس، وزیراعظم اور دیگر سب متعلقہ افسران نے ان کی دیانت، قابلیت اور ان کے فیصلوں کی تعریف کی ہوتی تھی۔ ریٹائرمنٹ کے بعد سوائے پنشن کے کوئی پیسہ پاس نہ تھا۔ لہٰذا اپنی خوشدامن کے گھر 53/C گلبرگ میں رہائش اختیار کر لی اور پھر اس وقت تک وہاں رہائش رکھی تاوقتیکہ وہ کوٹھی فروخت ہوئی اور ان کی بیگم کا حصہ جو غالباً 22 لاکھ روپے تھا۔ حصہ میں آیا اور کوٹھی کی قیمت جو خریدی وہ 32 لاکھ کی تھی جو موجودہ ہے اور گارڈن ٹاؤن میں واقع ہے آپ نے ایک پلاٹ جوڈیشل کالونی میں بیچا اور 2 لاکھ روپے کسی دوست سے اُدھار لیا جو پنشن کا حساب کتاب ہونے پر واپس کر دیا ایک در بند ہونے پر خدا تعالیٰ نے دوسرا در کھول دیا۔ آپ تین سال کے Contact پر نیب کے جج بن گئے اور وہاں بھی اپنی قابلیت اور دیانتداری کے جھنڈے گاڑ دیئے۔ وہاں پھر ان کی ملازمت میں توسیع ہوگئی اور جب توسیع ختم ہوئی تو آپ کو بطور Consultant نیب میں خدمت سرانجام دینے کی توفیق ملی، آپ نے اپنی دیانت اور قابلیت کا اعلیٰ معیار قائم کیا۔ جس کی مخالف بھی تعریف کرتے ہیں۔ میرے ایک بچپن کے دوست ہیں جو اس وقت ہائیکورٹ کے جج ہیں شیخ صاحب جب بطور سول جج راولپنڈی تعینات تھے اور وہ بطور وکیل پیش ہوتے تھے۔ تو کہتے تھے کہ میں نے آج تک ایسا قابل نڈر، صاحب علم اور ٹھنڈے مزاج کا جج کبھی نہیں دیکھا اور اس کے فیصلے ایک مثال ہیں اور اگلی کورٹس میں جب اپیل ہوتی ہے تو پہلا فیصلہ ہی بحال رہتا ہے۔ وہ ہمارے وکیل مجیب الرحمٰن صاحب اور شیخ منیر احمد صاحب کی بڑی تعریف کرتے ہیں اور شیخ صاحب کی وفات پر بھی بڑے دکھ کا اظہار کیا کیونکہ جس دن وفات ہوتی ہے میں اور جسٹس صاحب اکٹھے ہی تھے کیونکہ میں ان کے ہی گھر ٹھہرا ہوا تھا۔

چند واقعات جو آپ نے مجھے بتائے زیر تحریر ہیں۔ عرصہ 15 سال قبل ان کی بیگم کو ایک خواب آیا کہ ہم سب پریشان ہیں اور سیف اللہ نے ہماری مدد کی ہے اور خواب کی تعبیر سمجھ میں نہ آ رہی تھی۔ شیخ صاحب نے اس کا مجھ سے تذکرہ کیا تو میں نے کہا ممکن ہے کہ زندگی میں کوئی ایسا مقام آئے اور ایک دوسرے کی مدد کی ضرورت پڑ جائے یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے۔ کیونکہ میں اس کا بھائی ہوں کوئی غیر تو نہیں اور بہن بھائی ہی ایک دوسرے کام آتے ہیں اور شاید میں بھی کبھی آپ کے کام آ جاؤں۔

وفات سے ایک ماہ قبل میں ایک کیس کے سلسلہ میں ان کے چیمبر میں حاضر ہوا اور میرے ساتھ میرے دوست اسلم وڑائچ اور حاجی ناصر سابق MPA گجرات تھا۔ ہم فائل دے کر واپس آ گئے اور مطالعہ کا کہا 17 مئی کو ہم دوبارہ شیخ صاحب کے پاس گئے اور حاجی ناصر کا بھتیجا موجود MPA حاجی عمران ظفر بھی ہمارے ہمراہ تھا۔ ہم نے کیس کی فیس ایک لاکھ 20 ہزار دی اور باقی کا تاریخ لگنے پر وعدہ کیا اور واپس آ گئے باتوں باتوں میں شیخ صاحب فرمانے لگے کہ میں صرف ایک دفعہ ہی فیس لیتا ہوں اور اس میں سارے اخراجات شامل ہوتے ہیں دوسرے وکیلوں کی طرح نہیں کہ تاریخ پر ہر نقل کا خرچہ یہ منشیانہ یہ ٹکٹ وغیرہ میں صرف ایک دفعہ ہی فیس لیتا ہوں اور جب تک کیس کا فیصلہ نہ ہو جائے اس فیس پر کیس لڑتا رہتا ہوں دوران گفتگو فرمایا کہ چند دن پہلے میں ایک جسٹس کے پاس پیش ہوا۔ تو وہ جج میرا پرانا واقف تھا۔ کرسی سے اٹھ بیٹھا اور کہنے لگا شیخ صاحب آپ نے وکالت شروع کر دی ہے اور ادب احترام کے بڑے جملے بولے اور کہنے لگے کہ میں ایک کیس سن رہا ہوں اس کے بعد وقفہ ہے آپ انتظار نہ کریں آپ ایک بجے تشریف لے آئیں۔ کہنے لگے میں بڑا شرمندہ ہوا کہ جج صاحب اپنی کرسی سے اٹھ بیٹھے ہیں اور میرا اتنا

احترام کیا ہے مخالف وکیل کیا سوچیں گے؟

القصہ میں جب دوبارہ پیش ہوا۔ تو جج صاحب نے پھر وہی سلوک پہلے جیسا کیا اور ساتھ ایک لمبی چوڑی تقریر شروع کر دی اور فرمانے لگے کہ میں نے اپنی پوری سروس میں ان جیسا قابل محنتی، دیانتدار جج نہیں دیکھا۔ جنہوں نے ساری عمر اپنے فرائض نہایت دیانتداری سے سرانجام دیئے ہوں اور کہنے لگے کمرہ میں سارے وکلاء جن میں بعض سینئر وکیل بھی تھے میری طرف حیرانی سے دیکھنے لگے۔ یہ میری ان سے بالمشافہ آخری ملاقات تھی یعنی 17 مئی بروز سوموار کیس دے کر ہم واپس آ گئے۔ 27 مئی بروز جمعرات میں اور میرے دوست جسٹس صاحب ہم دونوں اپنے گاؤں سعد اللہ پور جا رہے تھے کہ دریائے چناب کے پل پر تھے اور وقت تقریباً 4 بجے کا تھا۔ کہ شیخ صاحب کا فون آیا کہ میری بڑی بہن کی نظر چیک کرانی ہے تو اپنے نمبر پر ڈاکٹر عاطف منصور جو کہ شیخ زاید میں Eye Specialist ہیں سے ٹائم لے لینا۔ میں نے عرض کیا کہ آج جمعرات ہے۔ ان کا Out Door منگل، جمعرات اور ہفتہ کو ہوتا ہے لہٰذا اب ہفتہ کو دکھا لیں۔ میں کیونکہ گاؤں جا رہا ہوں اور اس کے بعد اپنے دوست کے ساتھ ہی راولپنڈی جانا ہے۔ لہٰذا میں ڈاکٹر صاحب کو فون کر دیتا ہوں اور ہفتہ کو 12 بجے قریب دکھا لینا۔

تھوڑی دیر بعد حاجی عمران ظفر MPA کا فون آیا کہ ہمارا کیس اب راولپنڈی بنچ میں لگ گیا ہے تو شیخ صاحب سے پوچھ لیں کہ کیا وہ راولپنڈی چلے جایا کریں گے۔ میں نے کہا خود ہی شیخ صاحب سے پوچھ لیں۔ وہ نہایت اچھے آدمی ہیں وہ انشاء اللہ صاف بات کریں گے تھوڑی دیر میں عمران ظفر کا فون آیا کہ جو بات تم نے کہی تھی شیخ صاحب کے بابت بالکل سچی نکلی میں نے جب شیخ صاحب کو راولپنڈی جانے کا کہا تو انہوں نے فرمایا کہ ایک تو میرے پاس وقت نہیں دوسرا آپ کو لاہور کا وکیل مہنگا پڑے گا۔ آئے دن تاریخوں پر جانا جہاز کا کرایہ ہوٹل کا خرچہ لہٰذا بہتر ہے کہ آپ کسی اور کو وکیل کر لیں۔ میں نے کہا حاجی صاحب دیکھا ہے کہ دنیا میں اتنے اچھے لوگ بھی ہوتے ہیں اس کے بعد میں نے شیخ صاحب کو فون کیا جو کہ میرا ان کے ساتھ آخری فون کا رابطہ تھا۔ اور اس وقت ساڑھے چار کا وقت تھا اور میں اپنے گاؤں کے بالکل قریب تھا اور شیخ صاحب نے مجھے ساری بات بتائی جو حاجی عمران ظفر ایم پی اے سے ہوئی تھی میں نے کہا کہ کتنی فیس رکھنی ہے اور کتنی واپس کرنی ہے آخر آپ نے کیس پڑھا ہے کچھ تیاری بھی کی ہے کہنے لگے وڑائچ صاحب جو آپ کی مرضی ہے آپ کے جاننے والے ہیں میں نہیں بولوں گا۔ میرے ہمسفر جج صاحب ساری بات سن رہے تھے اور وہ شیخ صاحب کی اور میری گفتگو کے بعد کہنے لگے کہ شیخ صاحب بڑے اچھے نفیس آدمی ہیں چند دن قبل میرے پاس میرے چیمبر میں جو کورٹ روم کے ساتھ ہوتا ہے مبارکباد دینے آئے تھے۔

نہ جانے شیخ صاحب کو پہلے ہی اپنی وفات کا علم ہو چکا تھا۔ اسی شام وہ کیس اور رقم جو 17 مئی 2010ء کو لی تھی۔ 27 مئی 2010ء کو اپنی بیگم کے حوالہ کر دی اور ساتھ یہ بھی کہا کہ یہ رقم اور فائل سیف اللہ کے جاننے والے ہیں ان کو واپس کرنی ہے رکھ لو۔ بیگم صاحبہ فرمانے لگی کہ خود ہی سیف اللہ کو دے دینا۔ پہلے تو مجھے کبھی آپ نے کسی کیس اور فائل کا نہیں کہا۔ یہ وہی کیس تھا جس کا ذکر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے بھی اپنے خطبہ جمعہ میں شیخ منیر احمد صاحب کے حوالہ سے دیا تھا بہرحال ان کی وفات کے بعد مذکورہ ایم پی اے میرے ساتھ ان کے گھر اظہار تعزیت کیلئے گئے اور ان کو رقم اور فائل واپس کر دی اور 20 ہزار روپیہ خود انہوں نے چھوڑا۔ اور حیران تھے کہ ہم تو اب رقم بھول گئے تھے کیونکہ وہ تو راہ مولیٰ میں قربان ہو چکے ہیں اور اب رقم کون دے گا ہم تو صرف فائل کی واپسی کا سوچ رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ ایسے بندے کبھی کبھی پیدا کرتا ہے۔

ان کی زندگی کے بے شمار واقعات ہیں مگر جو تازہ تازہ حالات گزرے وہ میں نے تحریر کر دیئے۔ جہاں تک ان کی ذاتی گھریلو زندگی کو میں نے دیکھا ہے وہ ایک نیک خصلت انسان تھے۔ اپنی بیوی کے ساتھ ان کا حسن سلوک قابل رشک تھا۔ اپنی اولاد کے ساتھ بڑے شفیق باپ جیسا سلوک تھا اور اولاد کے ساتھ بڑے بے تکلف تھے۔ گھر میں دینی اور دنیاوی بحث مباحثہ اکثر رہتا تھا۔ نماز باجماعت کے عادی تھے اور اگر بیت الذکر نہ جا سکے ہوں تو گھر میں نماز باجماعت کا اہتمام ہوتا تھا۔ ملازموں کے ساتھ سلوک بہت اچھا تھا۔ ان کو کھانے پینے کی کھلی چھٹی تھی ایک دفعہ ان کے ملازم کے والد یا والدہ فوت ہوئے تو بڑا مشکل سفر طے کر کے اظہار افسوس کیلئے وہاں گئے۔ کوئی کام جو ان کے بس میں ہوتا ضرور کرتے اور کام کہنے والا بھول جاتا تھا مگر شیخ صاحب اس کو فون کر کے بتاتے کہ میں نے فلاں آدمی کو کہہ دیا یا آپ کا کام ہو گیا ہے۔ شیخ صاحب کا حسن سلوک اپنی اولاد کے بعد اپنے سسرال اور اپنے خاندان کے ساتھ یکساں تھا۔ اپنے بہن بھائیوں بھانجوں اور بھانجیوں کے ساتھ پدرانہ سلوک تھا ان کے گھر رشتہ داروں کا ایک جمگھٹا لگا رہتا تھا ان کے سسرال والے سب اندرون ملک اور بیرون ملک جہاں سے بھی آئیں شیخ منیر احمد کا گھر ان کے لئے کھلا تھا۔ آنسہ کے سب بہن اور بھائی اسی گھر میں آ کر رہتے تھے۔

شیخ صاحب بڑی خندہ پیشانی سے مہمان نوازی کرتے تھے۔ مہمان نوازی کے علاوہ ان کے دنیاوی مسائل بھی حل کرتے تھے ان کے آمدورفت اور دیگر ضروریات کا بھی خیال رکھتے تھے۔

شیخ صاحب کے بڑے ہم زلف مرزا منظور احمد صاحب مرحوم کی ضلع منڈی بہاؤ الدین میں جائیداد تھی اور نسل در نسل اسی طرح تھی کئی زمینوں پر لوگ قابض ہو چکے تھے۔ شیخ صاحب کی حکمت عملی اور قانونی مشاورت اور افسران مال کے ساتھ تعلقات کی بنا پر اس الجھے ہوئے مسئلہ کا حل ہو گیا اور خاکسار بھی شیخ صاحب کی معاونت کیلئے ساتھ ساتھ تھا اور اس جائیداد جس کو وہ بھول چکے تھے ساری کا پیسہ مل گیا شیخ صاحب کا گھر گویا ہر رشتہ دار کا اپنا گھر تھا۔ بڑے بے تکلف ہو کر سب رہتے تھے۔ اپنے نواسوں نواسیوں اور پوتوں پوتیوں کے ساتھ بڑا اچھا اور پیارا سلوک تھا۔ جب ڈرائنگ روم میں کسی کو ملنے آتے تھے تو چھوٹے بچے ساتھ ہی آ جاتے تھے اور شیخ صاحب نے کبھی برا محسوس نہیں کیا ان کو کبھی جھڑکا نہیں اور پیار سے اٹھا لیتے اور ان سے باتیں کرنے لگ جاتے تھے۔

ایک دفعہ کا واقعہ سناتے تھے کہ میں سندھ میں بطور سول جج غالباً ضلع خیر پور میں تعینات تھا کہ دو احمدیوں کا کیس میرے پاس آیا۔ میں نے دونوں کو ریٹائرنگ روم میں بلایا اور کہا کہ دیکھو تم دونوں احمدی ہو اور میں بھی احمدی ہوں اور سب لوگ جانتے ہیں کہ یہ بڑی بے عزتی ہے کہ تم دونوں احمدی ہو کر جھگڑ رہے ہو اور ایک دوسرے پر کیس کیا ہوا ہے۔ اگلی تاریخ تک آپس میں صلح کر لو۔ ورنہ میں دونوں کو سزا دوں گا یہ تو صرف ایک دھمکی تھی اور واقعی انہوں نے راضی نامہ لکھ کر دے دیا تھا۔ ان میں جماعت کی اتنی غیرت تھی کہ وہ برداشت نہ کر سکتے تھے کہ ان کی جماعت کے دو آدمیوں کا لوگ تماشا دیکھیں۔

ہر ملنے والے کو دروازہ پر چھوڑ کر آتے تھے میں بعض اوقات اندر ہی اندر شرمندہ بھی ہوتا تھا۔ مگر جب تک میں گاڑی میں بیٹھ کر چل نہ پڑوں شیخ صاحب کھڑے رہتے تھے وہ میرے گھر کو اپنا سسرالی گھر سمجھتے تھے اور اسی بے تکلفی کے ساتھ تشریف لاتے تھے۔

جوہر ٹاؤن میں میرا ایک پلاٹ ہے اس کا سنگ بنیاد رکھنا تھا ٹائم 9 بجے کا تھا۔ مگر مستری ابھی نہ آیا تھا۔ شیخ صاحب تشریف لے آئے اور مستری کا دھوپ میں انتظار کیا اور بعد میں اینٹ رکھ کر دعا کرائی اور ان کی دعا کی بدولت آج وہاں ایک شو روم بن رہا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کی دعاؤں کو قبول فرمائے اور جو دعا انہوں نے اس اینٹ کو رکھتے ہوئے کی۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین

مرحوم اپنی جماعت کے شیدائی تھے۔ جب سیشن جج سیالکوٹ تھے تو اس مکان کا دروازہ جس میں حضرت مسیح موعود دوران ملازمت سیالکوٹ میں رہائش پذیر تھے وہ دروازہ مالک مالکان سے حاصل کیا اور آج بھی وہ آپ کے ڈرائنگ روم کے سامنے شیشے میں محفوظ ہے یہ ان کی جماعت اور مسیح موعود سے لگن اور پیار کا ایک چھوٹا سا نمونہ ہے۔ جہاں بھی پوسٹنگ رہی وہاں کے مربیان، امراء اور دیگر افراد جماعت سے آج تک تعلق قائم ہیں اور ایسے تعلقات ہیں جن پر ہر ملنے والا فخر محسوس کرتا ہے۔

جب سے جماعت میں امیر ضلع کا عہدہ ملا تھا اپنے کورٹ کے تمام امور بروقت سرانجام دینے کے بعد سیدھا بیت الذکر تشریف لاتے۔ اگر کورٹ کا کوئی کام رہ بھی جاتا تھا تو اس کو ادھورا چھوڑ کر اپنے دفتر بیت الذکر تشریف لاتے۔ سب سائیلوں کے کیس سنتے اور فوراً فیصلہ فرما دیتے تھے کہ میں ایک بندہ ناچیز ہوں میں اس قابل نہ تھا جو رتبہ خدا نے مجھے دیا ہے میرا فون میرا گھر میرا سب کچھ آپ کا ہے۔ جماعت کا کوئی بندہ جس وقت چاہے مجھ سے ٹائم لینے کی ضرورت نہیں فون کر سکتا ہے اور مل سکتا ہے امیر مقرر ہونے کے بعد زیادہ وقت جماعتی امور کی سرانجام دہی میں صرف کرتے تھے اور ساتھ ہی دعا بھی کرتے تھے کہ اے اللہ مجھے اس کام کو نبھانے کی توفیق عطا فرما جو تو نے میرے کندھوں پر ڈالا ہے۔ جماعت احمدیہ لاہور کا ہر فرد اپنے امیر پر فخر کرتا تھا اور جب اس سپہ سالار کو دشمن نے للکارا تو درود شریف کا ورد کرتے ہوئے سینہ سپر ہو گیا کافی لوگوں نے آپ کو مشورہ دیا کہ آپ محفوظ مقام پر چلے جائیں مگر اس سپہ سالار نے گولی اپنے سینہ پر کھانے کو ترجیح دی تا کہ دشمن یہ نہ سمجھے کہ ان کا سپہ سالار بزدل تھا اور با آواز بلند کلمہ کا ورد اور درود شریف پڑھتے اور پڑھاتے جان جان آفرین کے سپرد کر دی۔ اور آنے والی نسلوں کو سرخرو کر گئے اور یہ سبق سکھا گئے کہ دشمن نے جب للکارا ہے تو ڈٹ کر مقابلہ کرو اور یہ شعر ان پر سچا ثابت ہوتا ہے۔

جان دی دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

آخر میں میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ شیخ منیر احمد اور سب شہداء کو جنت کے اعلیٰ مقام پر پہنچائے ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ان کی نسلوں پر اپنے فضل نازل کرے اور ہم سب کو صبر و استقامت عطا فرمائے اور جلد ہم وہ نظارے دیکھیں کہ قدرت ان ظالموں سے کیسا انتقام لیتی ہے۔ اور ہم سب کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 104445 میں سعید احمد

ولد خلیل احمد قوم ہندل پیشہ ملازمت عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم غربی ثناء ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-08-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/5000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ سعید احمد گواہ شد نمبر 1 شاہد احمد چیمہ وصیت 59628 گواہ شد نمبر 2 قدیر احمد خالد وصیت 58645

مسل نمبر 104446 میں ذیشان سکندر

ولد سکندر حیات قوم ...... پیشہ طالبعلم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم غربی ثناء ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 13-08-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/400 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ذیشان سکندر گواہ شد نمبر 1 شاہد احمد چیمہ وصیت 59628 گواہ شد نمبر 2 قدیر احمد خالد وصیت 58645

مسل نمبر 104447 میں نوید احمد خان

ولد محمود احمد خان قوم خان پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم غربی ثناء ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 11-08-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ نوید احمد خان گواہ شد نمبر 1 شاہد احمد چیمہ وصیت 59628 گواہ شد نمبر 2 قدیر احمد خالد وصیت 58645

مسل نمبر 104448 میں وقاص احمد

ولد شوکت علی قوم راجپوت کھوکھر پیشہ طالبعلم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن رحمان کالونی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 22-08-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ وقاص احمد گواہ شد نمبر 1 وحید احمد ولد بشارت احمد گواہ شد نمبر 2 وجاہت احمد ولد رانا شرافت علی

مسل نمبر 104449 میں علیم افضل

ولد خواجہ محمد افضل قوم مغل پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن رحمان کالونی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 27-07-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ علیم افضل گواہ شد نمبر 1 وحید احمد ولد بشارت احمد گواہ شد نمبر 2 وجاہت احمد ولد رانا شرافت علی

مسل نمبر 104450 میں ابتسام احمد

ولد ذوالفقار احمد قوم گورایہ پیشہ طالبعلم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن رحمان کالونی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 30-08-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ابتسام احمد گواہ شد نمبر 1 وحید احمد ولد بشارت احمد گواہ شد نمبر 2 وجاہت احمد ولد رانا شرافت علی

مسل نمبر 104451 میں عاطف احمد

ولد امین احمد قوم آرائیں پیشہ 19 عمر سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن رحمان کالونی ربوہ ضلع چنیوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 30-08-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ-/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عاطف احمد گواہ شد نمبر 1 وحید احمد ولد بشارت احمد گواہ شد نمبر 2 وجاہت احمد ولد رانا شرافت علی

مسل نمبر 104452 میں صداقت احمد شرجیل

